اردو (Urdu)

(206)

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر 20 — سیکنڈری کورس

نوٹ : تمام سوالات لازمی ہیں۔

سوال نمبر 1۔ درج ذیل میں سے صرف ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں لکھیے۔ 2

(i) کثرت میں وحدت کا مفہوم واضح کیجیے؟

(ii) سبق ''ہندوستانی تہذیب کے عناصر'' کی روشنی میں بتائیے کہ ہندوستان کی ملی جلی تہذیب کو، کن بنیادوں پر قائم رکھا جا سکتا ہے؟

(iii) مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد بتائیں؟

اندرونی، باطنی، باقی، عروج، قدیم

(iv) اردو رسم الخط میں کتنے حروف ہوتے ہیں؟ ترتیب کے ساتھ لکھیے۔

سوال نمبر 2۔ درج ذیل میں سے صرف ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں لکھیے۔ 2

(i) پانچ ایسے محاورے لکھیے جو اردو اور ہندی میں مشترک ہیں۔

(ii) سبق ''اخبار بینی'' کی روشنی میں بتائیے کہ ریل گاڑی میں سفر کرنے والے کس طرح اخبار پڑھتے ہیں؟

(iii) احتشام حسین کے اسلوبِ بیان پر روشنی ڈالیے۔

(iv) گھر کی مرغی دال برابر، ملاّ کی دوڑ مسجد تک، چور کی داڑھی میں تنکا، نو سو چوہے کھا کے بلّی حج کو چلی۔

ان کہاوتوں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

سوال 3۔ درج ذیل میں سے صرف ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں لکھیے۔ 2

(i) اردو اور ہندی کے درمیان مختلف سطحوں پر جو اشتراک ہے، اسے واضح کیجیے؟

(ii) ''اردو ہم سب کی زبان ہے'' وضاحت کیجیے۔

(iii) پانچ ایسے مرکبات لکھیے جو اردو اور ہندی دونوں میں رائج ہیں۔

(iv) ''اردو تہذیب ہے یا زبان یا دونوں'' چند جملوں میں وضاحت کیجیے۔

سوال4۔ درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے: 4

(الف)(i) نظم ''ایک آرزو'' میں شاعر نے کس تمنا کا اظہار کیا ہے؟ نظم ایک آرزو میں شاعر رات کے پچھلے پہر اٹھ کر، آہ فریاد کرنے کی آرزو کیوں رکھتا ہے؟

(ii) نظم ''اے شریف انسانو'' کی روشنی میں جنگ کے کیا کیا نقصانات ہیں؟

(iii) نظم ''ترانۂ وطن'' میں شاعر نے ہندوستان کی خوبصورتی کو کس طرح بیان کیا ہے؟

(iv) صنعت تضاد کیا ہے؟

(ب) درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔

(i) شانتی کی گنگا جمنا بہانے کا کیا مطلب ہے؟

(ii) دنیا میں امن کی ضرورت کیوں ہے؟ اظہار خیال کیجیے۔

(iii) درج ذیل میں صحیح جملوں پر صحیح (✓) کا نشان لگائیے۔

مترادفات سے مراد ہے:

(i) دو لفظ ہوں مگر معنی کے اعتبار سے تقریباً ایک ہوں

(ii) دو لفظ معنی کے اعتبار سے الگ الگ معنی رکھتے ہوں

(iii) دو لفظ ایک سے زیادہ معنی رکھتے ہوں

یا

مقطع کسے کہتے ہیں:

(a) غزل کے اس شعر کو جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے

(b) جو غزل کا پہلا شعر ہو

(c) جس میں شاعر کا نام نہیں ہوتا

(iv) درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے:

کوہسار، پنہاں، دل نشیں، توقع

سوال5۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

(i) کبیر کے کسی ایک دوہے کو لکھیے اور اس پر اظہار خیال کیجیے۔

یا

تشبیہ کی تعریف کیجیے اور کبیر داس کے کسی ایک دوہے سے مثال دیجیے۔

(ii) غالب نے کیوں کہا کہ انھوں نے مراسلے کو مکالمہ بنادیا ہے وضاحت کیجیے۔

یا

غالب کے خطوط کی خصوصیات بیان کیجیے۔

سوال 6۔ پروجیکٹ ورک : 6

سبق ''ہندوستانی کی تہذیب کے عناصر'' کی روشنی میں درج ذیل سوالات کے جوابات (تقریباً 500 الفاظ) پر مشتمل ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔

(i) آریا قوم کے بارے میں پانچ جملے لکھیے۔

(ii) اسم صفت کسے کہتے ہیں؟ مثالوں سے واضح کریں۔

(iii) سابقہ، لاحقہ لگا کر پانچ مرکب لفظ بنائیں۔

(iv) ہندو مسلم اتحاد سے کن تہذیبی اداروں کو فروغ حاصل ہوا؟

(v) ہندوستان کی ملی جلی تہذیب کو، کن بنیادوں پر قائم رکھا جاسکتا ہے؟

یا

اسکریپ بک یا چارٹ پیپر کو استعمال کرتے ہوئے لوک کہانی ''عقل کے دشمن'' کو تصویروں کی زبانی بیان کیجیے۔